مطبوعات

اعلام القرآن یا قرآنی شخصیتیں | مولانا عبدالماجد دریا بادی - طابع و ناشر: صدق جدید بک ایجنسی، کچہری روڈ، لکھنؤ (بھارت)، قیمت دو روپے ۲۵ نئے پیسے، صفحات ۲۵۷۔

مولانا عبدالماجد دریا بادی نے قرآن مجید کی انگریزی اور اردو تفاسیر کے کام سے فارغ ہو کر قرآن مجید کے بعض دوسرے پہلوؤں کی طرف توجہ فرمائی ہے اور ان کے متعلق نہایت مفید معلومات فراہم کی ہیں۔ زیر تبصرہ رسالہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں فاضل مؤلف نے حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق ان تمام اسماء اور اعلام کی ایک فرہنگ مرتب کی ہے جن کا ذکر قرآن میں آیا ہے۔ نیز ان شخصیتوں کو بھی لے لیا ہے جن کا ذکر کنایۃً کیا گیا ہے۔ یہ شخصیتیں انسانی بھی ہیں جیسے آدم، ابراہیمؑ، موسیٰؑ، عیسیٰؑ، فرعون، قارون وغیرہ۔ اور غیر انسانی بھی مثلاً جبریل، میکائل، ابلیس، لات، مناۃ وغیرہ۔ ہر شخصیت کے ساتھ اس کا حوالہ بہ قید سورۃ و رکوع موجود ہے اور اس کے متعلق مستند معلومات بھی درج کی گئی ہیں۔

یہ کتاب پاکستان میں کہاں مل سکتی ہے اس کے متعلق کوئی تصریح موجود نہیں۔

رسولؐ اور سنتِ رسولؐ قرآن اور عقل سلیم کی روشنی میں | از مولانا ابوالسلام نعیم صدیقی صاحب - طابع و ناشر: مکتبہ تعمیر انسانیت موچی دروازہ، لاہور - صفحات ۲۶۹ قیمت قسم اول چار روپے چار آنے قیمت عام قسم تین روپے چار آنے۔

جناب نعیم صدیقی صاحب نے اس کتاب میں نہایت محکم دلائل سے اس حقیقت کو ثابت کیا ہے کہ رسول کی حیثیت دنیا میں محض ایک نامہ بر کی نہیں ہوتی بلکہ وہ اس لیے بھیجا جاتا ہے کہ لوگ اپنی پوری زندگی میں اس کی اطاعت اور پیروی کریں۔ حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ ساری نوعِ انسانی کے لیے اسوۂ حسنہ ہے۔ اور آپ کی یہ حیثیت آپ کی زندگی